ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (408)

03.08.24

## بہاول پور(      )تھانہ خیر پور ٹامیوالی کے علاقہ میں پولیس مقابلہ، ایک ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک۔ پولیس مصروف کارروائی۔ ہلاک ڈاکو پر قتل، چوری، راہزنی و ڈکیتی کے درجنوں مقدمات درج تھے۔عوام کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، جرائم پیشہ عناصر کو واضح پیغام، ڈی پی او اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق تھانہ خیر پور ٹامیوالی پولیس کے پاس ایک ملزم دلشاد عرف شادا ولد محمد رضا قوم لوٹھڑ سکنہ موضع بانگا رمضان ڈکیتی کے مقدمہ میں جسمانی ریمانڈ پر موجود تھا جس سے ڈکیتی میں استعمال ہونے والا اسلحہ ناجائز کی ریکوری کی جانی تھی۔ رات گئے پولیس ٹیم ملزم کو لیکر موضع دھرالہ راند دریا کے کنارے جھاڑیوں کے جھنڈ سے ملزم کی نشاندہی پر رائفل برآمد کر کے واپسی کے لئے روانہ ہوئے تو اسی دوران ملزم دلشاد عرف شادا کے 05 کس ساتھی 02 عدد موٹر سائیکلوں پر سوار پولیس موبائل کے سامنے آ گئے اور للکارتے ہوئے کہنے لگے کہ ہمارا ساتھی چھوڑ دو ورنہ اچھا نہیں ہوگا اور پولیس پر جان سے مار دینے کی خاطر اندھا دھند سیدھی فائرنگ شروع کر دی۔ پولیس نے بھی حفاظت خود اختیاری کے تحت رکاوٹ کا سہارا لیتے ہوئے دو چار جوابی فائر کیے، گرفتار ملزم ہتھکڑی چھڑوا کر اپنے ساتھیوں کی طرف بھاگا اور اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ کی زد میں آ کر زخمی ہو کر گر پڑا۔ پولیس پارٹی کی طرف سے جوابی فائرنگ کی وجہ سے حملہ آور ملزمان موٹر سائیکلوں پر سوار ہو کر فائرنگ کرتے ہوئے رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہو گئے۔ ملزم دلشاد عرف شادا کو سنبھالا جو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو چکا تھا۔ بذریعہ وائرلیس سیٹ کنٹرول کو اطلاع دی اور مزید نفری کا کہا، اطلاع پا کر پولیس کی مزید نفری و ایلیٹ کی گاڑیاں موقع پر پہنچیں۔ فرار ملزمان کی گرفتاری کیلئے پولیس کی اسپیشل ٹیمیں ایس ڈی پی او سرکل خیر پور ٹامیوالی اور ایس ایچ او تھانہ خیر پور ٹامیوالی کی زیر قیادت آپریشن کر رہی ہیں۔ واضح رہے کہ ہلاک ڈاکو دلشاد عرف شادا پر 36 سنگین مقدمات تھے اور متعدد میں چالان ہو چکا تھا۔ مزید تفتیش و تحقیقات جاری ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ملزم اپنی موت آپ مر گیا۔ بہاولپور پولیس کی طرف سے زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے۔ جرائم پیشہ افراد کیلئے واضح پیغام ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بہاولپور کے شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ تھانہ خیر پور ٹامیوالی پولیس کو بہادری و جوانمردی سے مقابلہ کرنے پر ڈی پی او نے شاباش دی۔

**ترجمان پولیس بہاولپور**